دینے والے افسران اور اہلکاروں کی ہر سطح پر حوصلہ افزائی کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ ایسے اہلکار کسی بھی ادارے کا قیمتی سرمایہ ہوتے ہیں اور ان کی بہترین کارکردگی دیگر ملازمین کیلئے بھی مثال بنتی ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ محکمانہ امور میں کوتاہی، غفلت اور غیر ذمہ دارانہ رویے کا مظاہرہ کرنے والوں کے ساتھ کسی قسم کی نرمی نہیں برتی جائے گی، جبکہ فرائض میں سنجیدگی اور ذمہ داری کا مظاہرہ کرنے والے افسران واہلکاروں کو ہر ممکن طور پر سراہا اور ان کی حوصلہ افزائی کی جائے گی۔ ڈی جی پی آر نے مزید کہا کہ محکمہ تعلقات عامہ بلوچستان میں کارکردگی، میرٹ اور احتساب کے اصولوں کو یقینی بنایا جا رہا ہے تاکہ ادارے کی مجموعی استعداد کار میں مزید بہتری لائی جا سکے۔ محکمہ تعلقات عامہ کے افسران واہلکاروں نے ڈی جی پی آر بلوچستان کے اس اقدام کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے اسے ملازمین کے لیے ایک مثبت اور حوصلہ افزا روایت قرار دیا۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 2 — Dated: 13 MAY 2026 — Page No. 18

# ڈیفالٹرو ویکسینیٹرز کیخلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے کمشنر کوئٹہ

## غیر فعال مراکز صحت کو فوری فعال اور انسداد پولیو مہم کے دوران مانیٹرنگ کے عمل کو سخت کیا جائے' شاہزیب خان کاکڑ

روٹین ویکسینیشن کوریج بہتر بناتے ہوئے حفاظتی ٹیکہ جات کے عمل کو مزید تیز اور غیر حاضر عملے کے خلاف کارروائی عمل میں لائی جائے' افسران کو ہدایت

وائرس کی منتقلی کی بڑی وجوہات میں آبادی کی نقل و حرکت شامل' کوئٹہ بلاک میں پولیو وائرس سندھ و افغانستان سے منتقل ہو رہا ہے' کمشنر کو بریفنگ

کوئٹہ (خ ن) کمشنر کوئٹہ ڈویژن شاہزیب خان کاکڑ کی زیر صدارت انسداد پولیو کی مجموعی کارکردگی اور ویکسینیشن سے متعلق ڈویژنل ٹاسک فورس کا اجلاس منعقد، اجلاس میں صوبائی کوارڈینیٹر ای اوسی انعام الحق، ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی، ڈی ایچ اوز، محکمہ صحت، ڈبلیو ایچ او، یونیسف، ای پی آئی ینشنل پروگرام اور دیگر متعلقہ اداروں و پارٹنرز کے افسران موجود تھے۔ جبکہ ڈپٹی کمشنر چمن، قلعہ عبداللہ اور......... بقیہ 43 صفحہ نمبر 7 پر

چمن اور دیگر ضلعی افسران نے آن لائن اجلاس میں شرکت کی۔ اجلاس کے دوران کمشنر کوئٹہ ڈویژن کو گزشتہ انسداد پولیو مہمات، ٹیموں کی کارکردگی، ویکسینیشن کی صورتحال، درپیش مسائل اور آئندہ کے لائحہ عمل سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی گئی بریفنگ میں بتایا گیا کہ کوئٹہ بلاک پولیو وائرس کی نقل و حرکت کے حوالے سے انتہائی حساس قرار دیا جاتا ہے۔ جنوری 2025ء سے اب تک حاصل کیے گئے تقریباً 64 سیمپلز میں سے 31 مثبت پائے گئے، جبکہ وائرس کی منتقلی کی بڑی وجوہات میں آبادی کی نقل و حرکت شامل ہے بتایا گیا کہ کوئٹہ بلاک میں پولیو وائرس سندھ اور افغانستان سے منتقل ہو رہا ہے اجلاس کو مزید بتایا گیا کہ گزشتہ مہمات کے دوران زیرو ڈوز بچوں کی کوریج میں بہتری آئی ہے، تاہم بعض یونین کونسلوں میں کارکردگی مزید بہتر بنانے کی ضرورت ہے ٹیم کوریج اور مانیٹرنگ کے نظام میں بہتری کے باعث اہداف کے حصول میں پیش رفت ہوئی ہے، جبکہ آئندہ مہمات میں بھی موثر اقدامات جاری رکھنے پر زور دیا گیا

# پی اے سی کا اجلاس، ٹین بلین سونامی پروگرام میں بے ضابطگیوں کیخلاف کارروائی کا فیصلہ

## ٹین بلین ٹری سونامی منصوبے کیلئے خطیر فنڈ مختص لیکن بیشتر علاقوں میں اس کے اثرات نظر نہیں آ رہے' چیئرمین اصغر علی ترین

منصوبے میں مالی بے ضابطگیاں پورے پروگرام کی شفافیت پر سوالیہ نشان لگانے کے مترادف ہے' ولی محمد نورزئی' زاہد علی ریکی' رحمت صالح بلوچ

اجلاس میں منصوبے پر عدم اطمینان کا اظہار' آئندہ اجلاس میں تمام پیراز کا تفصیلی جائزہ لیا جائے گا' اراکین

کوئٹہ (آن لائن) پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کا اجلاس چیئرمین کمیٹی اصغر علی ترین کی زیر صدارت منعقد ہوا اجلاس میں کمیٹی اراکین ولی محمد نورزئی، زاہد علی ریکی، غلام دستگیر بادینی، محمد خان لہڑی، رحمت صالح بلوچ اور صفیہ بی بی نے شرکت کی۔ اجلاس میں سیکرٹری اسمبلی طاہر شاہ کاکڑ، سیکرٹری جنگلات و جنگلی حیات عمران گچکی، اسپیشل سیکرٹری پی اے سی سراج لہڑی، ڈائریکٹر آڈٹ قدیم آغا، اور ایڈیشنل سیکرٹری قانون......... بقیہ 51 صفحہ نمبر 7 پر

سعید اقبال بھی موجود تھے۔ اجلاس میں ڈائریکٹوریٹ جنرل آڈٹ بلوچستان کی جانب سے ٹین بلین ٹری سونامی پروگرام (TBTTP) فیزون اور گرین پاکستان پروگرام کی خصوصی آڈٹ رپورٹ 2019 تا 2022 کا جائزہ لیا گیا۔ آڈٹ رپورٹ میں منصوبے میں مالی بے ضابطگیوں، اندرونی کنٹرول کی کمزوریوں، قواعد و ضوابط کی خلاف ورزیوں اور منصوبے کے اہداف حاصل نہ ہونے کی نشاندہی کی گئی۔ آڈٹ رپورٹ کے مطابق ایک ارب سے زائد پودے لگانے کا ہدف پورا نہ ہو سکا اور مقررہ ہدف کے مقابلے میں صرف ایک کروڑ پچیس لاکھ سے زائد پودے لگائے گئے۔ رپورٹ میں ماحولیاتی اثرات کے جائزے میں ناکامی، پی سی ون اہداف پر عملدرآمد نہ ہونا، ریکارڈ فراہم نہ کرنا، مانیٹرنگ و ایویلیوایشن نہ کرنا، مشکوک و بے ضابطہ اخراجات، اوپن ٹینڈرز سے بچنے کے لئے اخراجات کی تقسیم، نامکمل کاموں کی ادائیگیاں اور جعلی تکمیلی رپورٹس سمیت متعدد سنگین بے ضابطگیوں کی نشاندہی بھی کی گئی۔ اجلاس کے دوران کمیٹی اراکین نے منصوبے کی کارکردگی پر شدید تحفظات کا اظہار کیا رکن کمیٹی ولی محمد نورزئی نے کہا کہ ٹین بلین ٹری سونامی منصوبے کے لئے خطیر فنڈز مختص کیے گئے مگر بیشتر علاقوں میں اس کے اثرات نظر نہیں آ رہے

# بلوچستان اسمبلی' میڈیا نمائندگان کیلئے نئے ایس او پیز جاری

پریس گیلری و اسمبلی احاطے میں میڈیا کوریج سے متعلق قواعد و ضوابط پر سختی سے عملدرآمد کیا جائے گا

## وی آئی پی داخلی دروازے کے سامنے میڈیا نمائندگان کے ہجوم پر پابندی لگا دی گئی ہے' سرکلر

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان اسمبلی سیکرٹریٹ نے اسمبلی اجلاسوں کے دوران میڈیا نمائندگان کے لئے نئے ایس او پیز جاری کر دیے ہیں، جن کے تحت پریس گیلری اور اسمبلی احاطے میں میڈیا کوریج سے متعلق قواعد و ضوابط پر سختی سے عملدرآمد کیا جائے گا بلوچستان اسمبلی سیکرٹریٹ کی جانب سے جاری سرکلر کے مطابق اسمبلی ہال کے اندر بغیر پریس کارڈ کے کسی بھی میڈیا نمائندے کے داخلے پر مکمل پابندی عائد ہوگی جبکہ وی آئی پی داخلی دروازے کے......... بقیہ 52 صفحہ نمبر 7 پر

سامنے میڈیا نمائندگان کے ہجوم اور کوریج پر بھی پابندی لگا دی گئی ہے۔ سرکلر میں کہا گیا ہے کہ اسمبلی اجلاس کے دوران میڈیا نمائندگان صرف مخصوص میڈیا کارنر جو کہ اسمبلی کے لان میں قائم ہوگا اور پریس گیلری تک محدود رہیں گے جبکہ وزراء، اراکین اسمبلی اور دیگر اہم شخصیات سے گفتگو یا انٹرویو کے لئے اسمبلی راہداریوں اور داخلی راستوں میں ہجوم کی اجازت نہیں ہوگی۔ اعلامیے کے مطابق تمام میڈیا نمائندگان کو سیکیورٹی اور نظم و ضبط کے تقاضوں کو مدنظر رکھتے ہوئے اسمبلی سیکرٹریٹ کی ہدایات پر عمل کرنا ہوگا، جبکہ خلاف ورزی کی صورت میں متعلقہ نمائندے کے خلاف کارروائی عمل میں لائی جا سکتی ہے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

2

13 MAY 2026

19

## کیچ' ڈیلٹمیر یا کیسز کی اطلاعات' محکمہ صحت کو ہنگامی اقدامات کی ہدایت

### متاثرین کو معیاری علاج ومعالجے کی سہولیات فراہم کی جائیں' ڈپٹی کمشنر یاسر اقبال دشتی رپورٹ طلب

تربت (نمائندہ انتخاب) ڈپٹی کمشنر کیچ یاسر اقبال دشتی نے مند میں ڈیلٹمیر یا کیسز کی اطلاعات کا نوٹس لیتے ہوئے محکمہ صحت کو ہنگامی اقدامات اٹھانے کی ہدایت کر دی ہے۔ ڈپٹی کمشنر کیچ نے ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر سے فوری رپورٹ طلب کرتے ہوئے مند سمیت مختلف علاقوں کی صورتحال اور محکمہ صحت کی کارکردگی سے متعلق تفصیلی رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت کی۔ انہوں نے محکمہ صحت کو یہ بھی بقیہ نمبر 55 صفحہ 5 پر

ہدایت دی کہ ٹیچنگ ہسپتال تربت سمیت بنیادی مراکز صحت میں ڈیلٹمیر یا کے علاج کی سہولیات فوری طور پر فراہم کی جائیں تاکہ مریضوں کو بروقت طبی امداد مل سکے۔ یہ معاملہ اس وقت سامنے آیا جب مند سول سوسائٹی کے متحرک رکن عبداللہ بلوچ نے سوشل میڈیا کے ذریعے مند اور دیگر علاقوں میں ڈیلٹمیر یا کیسز اور طبی سہولیات کی کمی کی جانب توجہ دلائی۔ ایم ایس ٹیچنگ ہسپتال تربت ڈاکٹر عبدالوحید بلوچ نے بتایا کہ ڈپٹی کمشنر کیچ کی ہدایات اور سہولیات مہیا کرنے کے بعد ٹیچنگ ہسپتال تربت کی انتظامیہ نے ہنگامی اقدامات کرتے ہوئے خصوصی یونٹ قائم کر دیا ہے جہاں متاثرہ مریضوں کو موثر علاج اور طبی سہولیات فراہم کی جا رہی ہیں۔

## بلوچستان' پانی ذخائر کو محفوظ بنانے کیلئے جامع حکمت عملی ناگزیر' جیلی بیکما

### ٹیم لیڈ آف آر پی ڈبلیو آر پی کا مڈ کیریئر مینجمنٹ کورس کے شرکاء کو لیکچر' سوالات کے تفصیلی جوابات بھی دیئے

کوئٹہ (آن لائن) ٹیم لیڈ آف آر پی ڈبلیو آر پی جیلی بیکما نے گزشتہ روز نیشنل انسٹیٹیوٹ آف پبلک ایڈمنسٹریشن کوئٹہ میں 46 ویں مڈ کیریئر مینجمنٹ کورس کے شرکاء کو لیکچر دیتے بقیہ نمبر 66 صفحہ 5 پر

ہوئے کہا ہے کہ بلوچستان اس وقت پانی کی شدید قلت، موسمیاتی تبدیلیوں اور زیر زمین پانی کی تیزی سے کم ہوتی سطح جیسے سنگین چیلنجز کا سامنا کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ان مسائل پر قابو پانے کے لئے جدید ٹیکنالوجی کے استعمال اور موثر حکومتی اقدامات کی فوری ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی معیشت کا بڑا انحصار زراعت پر ہے، تاہم روایتی طریقہ کاشت کے باعث زرعی پیداوار متاثر ہو رہی ہے۔ اس صورتحال میں جدید زرعی تکنیکوں سے ہم آہنگ پالیسیوں کو فروغ دینا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ ڈرپ ایریگیشن، واٹر مینجمنٹ سسٹم اور جدید زرعی مشینری کے استعمال سے نہ صرف پانی کی بچت ممکن ہے بلکہ زرعی پیداوار میں بھی خاطر خواہ اضافہ کیا جا سکتا ہے۔ جیلی بیکما نے مزید کہا کہ حکومت کو چاہیے کہ کسانوں کو جدید زراعت کی جانب راغب کرنے کے لئے آگاہی مہم چلائی جائے اور انہیں تکنیکی سہولیات و تربیت فراہم کی جائے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ ڈیمز کی تعمیر، بارش کے پانی کو ذخیرہ اور زیر زمین پانی کے غیر ضروری استعمال کو روکنے کے لئے جامع حکمت عملی اپنانا ناگزیر ہے۔ بریفنگ کے اختتام پر جیلی بیکما نے کورس شرکاء کے مختلف سوالات کے جوابات دیئے۔ بعد ازاں ڈائریکٹر جنرل نیپا ڈاکٹر علی رضا نے جیلی بیکما کو ادارے کی جانب سے شیلڈ پیش کی۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 13 MAY 2026 Page No. 20

# بارڈر ٹریڈ کی بندش کا مقصد پشتونوں کو وسائل سے محروم رکھنا ہے، پشتونخوا میپ

سرحدی علاقوں کے تمام تجارتی راستوں کو کھول کر صدیوں سے جاری آمدورفت وتجارت کو بحال کیا جائے، عبدالرحیم زیارتوال

مشترکہ صوبے کے ہر شعبہ زندگی میں پشتون بلوچ سیال اقوام کی برابری تسلیم کی جائے، چمن میں مختلف اجلاسوں سے خطاب

چمن (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے مرکزی جنرل سیکرٹری عبدالرحیم زیارتوال نے چمن میں جلسہ عام کی تیاری کے سلسلے میں منعقدہ اجلاسوں سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ چمن سمیت تمام پشتون عوام کا معاشی قتل عام کیا جارہا ہے، بارڈر ٹریڈ کی بندش کی پشتون دشمن پالیسی کا مقصد پشتونوں کو اپنے وطن میں اپنے وسائل، معدنیات سے محروم رکھ کر انہیں محنت مزدوری پر مجبور کرکے نان شبینہ کا محتاج بنانا ہے...... بقیہ 44 صفحہ نمبر 7 پر

چمن، کدنی پشین، بادیزئی، قمرالدین کاریز، غلام جان بندر، انگور اڈہ، طورخم، ناواپاس (باجوڑ) ودیگر تجارتی راستوں اور خصوصاً تاریخی طور پر ڈیورنڈ لائن پر صدیوں سے جاری آمدورفت کو بند کرکے تمام پشتون وطن میں روزگار کا خاتمہ کیا گیا پشتونخوا ملی عوامی پارٹی آج بھی یہی مطالبہ کرتی ہے کہ فوری طور پر ڈیورنڈ لائن کے تمام تجارتی راستوں کو کھول کر صدیوں سے جاری آمدورفت وتجارت کو بحال کیا جائے انہوں نے کہا کہ ملک میں استعماری قوتوں کے ہاتھوں انتظامی طور پر تقسیم کردہ پشتون (خیبر پشتونخوا، برٹش بلوچستان کے پشتون علاقے، اٹک اور میانوالی) علاقوں پر مشتمل ایک خودمختار قومی وحدت پشتونستان کے نام سے بنائی جائے اور ملک میں متصل پشتون علاقوں کو یکجا کرکے اس قومی صوبے میں پشتون سرزمین کے وسائل پر ان کے بچوں کا حق ملکیت وحق حاکمیت تسلیم کیا جائے

# طلبہ ونوجوانوں کی فکری وسیاسی تربیت ناگزیر ہے، پشتونخوا نیپ

نوجوانوں کو بابائے افغان عبدالرحیم خان مندوخیل کے سیاسی افکار وقومی نظریات کا گہرائی سے مطالعہ کرنا ہوگا استاد رضا محمد رضا

عبدالرحیم خان مندوخیل نے پشتون قومی تحریک کو ایک نئی نظریاتی سمت، فکری بنیاد اور سیاسی شعور عطاء کیا عبدالقادر آغا ایڈووکیٹ، محمد عیسیٰ روشن

بابائے افغان نے پشتون قومی تحریک میں "تنظیمی نظم وضبط اور قومی سیاست میں بنیادی کردار ادا کیا" سیمینار سے رہنماؤں کا خطاب

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن (پی ایس او) کے زیر اہتمام بابائے افغان عبدالرحیم خان مندوخیل، جدید پشتون نیشنلزم کے بانی کے عنوان سے ایک اہم فکری، سیاسی اور تربیتی سیمینار کوئٹہ پریس کلب میں منعقد ہوا سیمینار کی صدارت پی ایس او کے زونل سیکرٹری وارث افغان نے کی، جبکہ اس میں پشتونخوا جنرل عوامی پارٹی، پشتونخوا اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن کے مرکزی وصوبائی رہنماؤں، ......... بقیہ 66 صفحہ نمبر 7 پر

کارکنوں، طلبہ، دانشوروں اور سیاسی کارکنوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی سیمینار کا مقصد نئی نسل کو بابائے افغان ارواح شاد عبدالرحیم خان مندوخیل کی سیاسی، فکری، قومی اور تنظیمی جدوجہد سے روشناس کرانا اور پشتون قومی تحریک کے نظریاتی خدوخال کو اجاگر کرنا تھا

CamScanner

CLIPPING SERVICE
DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN
نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان
Daily: INTEKHAB QUETTA
Bullet No. 4
Dated: 13 MAY 2026
Page No. 21

# بلوچستان سے کراچی غیر ملکی سگریٹ اسمگل کرنیکی کوشش ناکام

## کیش وین کے ذریعے اسمگل کی جارہی تھی' بھاری مقدار میں نقدی اور سگریٹ برآمد' 4 افراد گرفتار

کراچی (آئی این پی) کیش وین کے ذریعے بلوچستان سے کراچی غیر ملکی سگریٹ اسمگل کرنے کی بڑی کوشش ناکام بنادی گئی۔ تفصیلات کے مطابق کراچی کی موچکو پولیس

بقیہ نمبر 44 صفحہ 5 پر

نے کارروائی کے دوران کیش وین کے ذریعے بلوچستان سے کراچی غیر ملکی سگریٹ اسمگل کرنے کی بڑی کوشش ناکام بنادی۔ پولیس نے وین سے ایک کروڑ 48 لاکھ 24 ہزار روپے نقد اور غیر ملکی سگریٹ کے 8 ہزار پیکٹ برآمد کرکے، کارروائی کے دوران سیکورٹی کمپنی کے تین ملازمین سمیت چار افراد کو حراست میں لے لیا گیا۔ گرفتار افراد میں ڈرائیور غلام مصطفیٰ، سپروائزر اسحاق، سیکورٹی گارڈ رضا اور ایک ملزم صدیق شامل ہیں۔ پولیس نے ضبط شدہ سگریٹ، بھاری نقدی اور گاڑی کو مزید قانونی کارروائی کے لیے کسٹم حکام کے حوالے کر دیا۔

# تربت' دھماکے میں

## ایف سی اہلکار زخمی

تربت (نمائندہ انتخاب) نوانو زامران میں آئی ای ڈی دھماکہ میں ایک اہلکار زخمی، پولیس ذرائع کے مطابق ایف سی کی روڈ کلیرنس ٹیم نوانو زامران کے علاقے میں سویپ

بقیہ نمبر 54 صفحہ 5 پر

سرچنگ میں مصروف تھی کہ آئی ای ڈی دھماکے کے نتیجے میں ایک اہلکار حسنین زخمی ہوگیا۔

# کیچ کور پل سے لاش برآمد

تربت (نمائندہ انتخاب) کیچ کور پل کے قریب لاش برآمد، پولیس ذرائع کے مطابق کیچ کور پل کے قریب ایک لاش برآمد کی گئی جسے شناخت وضروری کارروائی کیلئے ٹیچنگ ہسپتال تربت منتقل کیا گیا جہاں لاش کی شناخت برہان الدین ولد محمد نعیم سکنہ ناگ زامران کے نام سے کی گئی، لاش ورثاء کے حوالے کردی گئی۔

# لورالائی، مسلح موٹر سائیکل سواروں کی

## فائرنگ سے ایک شخص زخمی

لورالائی (این این آئی) لورالائی میں مسلح موٹر سائیکل سواروں کی فائرنگ سے ایک شخص زخمی ہوگیا۔ پولیس کے مطابق منگل کو لورالائی کے علاقے واپڈا کالونی کے قریب نامعلوم موٹر سائیکل سواروں نے فائرنگ کرکے ایک شخص علاؤالدین کو زخمی کردیا اور موقع سے فرار ہوگئے۔ پولیس نے ملزمان کی تلاش شروع کردی۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 5 Dated: 13 MAY 2026 Page No. 22

## خیزی چوک اور ملحقہ بستیاں زندگی کی بنیادی سہولیات سے محروم

**اچکزئی روڈ، کاکڑ کالونی، جمعیت روڈ، کلی سبیل کے مکین انیسویں صدی میں جی رہے ہیں**

**صفائی کی ابتر صورتحال کے باعث پورا علاقہ کچرے کے ڈھیر کا منظر پیش کر رہا ہے**

کوئٹہ (ایریا رپورٹر) کوئٹہ کے مصروف اور گنجان آباد علاقوں اچکزئی روڈ، کاکڑ کالونی، جمعیت روڈ، خیزی چوک، کلی سبیل اور ملحقہ بستیوں میں زندگی کی بنیادی سہولیات کا شدید فقدان ہے شہریوں کی حالت زار ایسی ہے جیسے وہ کسی پسماندہ دیہی علاقے میں زندگی گزار رہے ہوں، حالانکہ یہ شہر کے مرکزی علاقے ہیں مکینوں مولوی جیلانی البدر، عمران خان، صابر خان و دیگر نے مشرق کو بتایا ہے کہ علاقے میں صفائی کی ابتر صورتحال کی وجہ عوام کو مشکلات کا سامنا ہے صفا کوئٹہ کا نام ونشان تک نہیں، روڈ کے دونوں اطراف کچرے پڑے ہوتے ہیں۔ اس کے علاوہ علاقے میں بجلی کی بدترین لوڈشیڈنگ کا سامنا ہے، پینے کے صاف پانی کی قلت کا سامنا ہے، وزیر اعلیٰ بلوچستان سے نوٹس لینے اور علاقے کا فوری وزٹ کرنے اور فوری طور پر مذکورہ بالا مسائل کے حل کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔

## صحبت پور: مہنگائی و ذخیرہ اندوزی عروج پر، انتظامیہ خاموش

**عوام کو گرانفروشوں کے رحم و کرم پر چھوڑ دیا گیا ہے، حکام نوٹس لیں، شہری**

صحبت پور (یو این اے) صحبت پور میں خود ساختہ مہنگائی نے عوام کو شدید مشکلات سے دوچار کر دیا ہے انتظامیہ بھی گرانفروشوں کے سامنے گھٹنے ٹیک چکی، تفصیلات کے مطابق صحبت پور میں خود ساختہ مہنگائی اور ذخیرہ اندوزی اپنے عروج پر ہے شہری شدید مشکلات کا شکار ہیں جبکہ انتظامیہ بھی گرانفروشوں کیخلاف کارروائی کرنے سے گریزاں ہے۔ ضلعی انتظامیہ نے مافیا کے سامنے مکمل خاموشی اختیار کر رکھی ہے۔ برائلر فرغی آٹھ سو تک فی کلو گرام میں فروخت ہونے لگی ہے بکرے کا گوشت تین ہزار سے تجاوز کر گیا جبکہ بڑا گوشت 2000 روپے تک فی کلو پہنچ گیا ہے

## جوائنٹ روڈ ونواح میں طویل غیر اعلانیہ بجلی کی لوڈشیڈنگ

**گھنٹوں بجلی کی بندش معمول بن گئی، اہل علاقہ شدید مشکلات کا شکار**

کوئٹہ (یو این اے) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کے علاقے ریلوے ہاؤسنگ سوسائٹی اور جوائنٹ روڈ میں کیسکو کی جانب سے مبینہ غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کا سلسلہ بدستور جاری ہے، جس کے باعث مکینوں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ علاقہ مکینوں کے مطابق صبح 6 بجے سے 9 بجے تک جبکہ رات 9 بجے سے 12 بجے تک مسلسل بجلی بند رکھی جا رہی ہے، جس سے معمولات زندگی بری طرح متاثر ہو گئے ہیں مکینوں نے بتایا کہ شدید گرمی کے موسم میں بجلی کی بندش نے گھریلو زندگی اجیرن بنا دی ہے۔ گھروں میں پانی کی فراہمی متاثر ہونے کے ساتھ ساتھ پنکھے، کولر اور دیگر برقی آلات بند ہونے سے بزرگ، خواتین، بیمار افراد اور کمسن بچے شدید اذیت میں مبتلا ہیں۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ گرمی کی شدت میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے، مگر اس کے باوجود کیسکو کی جانب سے غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ میں کمی کے بجائے اضافہ دیکھنے میں آ رہا ہے علاقہ مکینوں نے الزام عائد کیا کہ کیسکو حکام کی جانب سے پہلے یہ دعویٰ کیا گیا تھا کہ ریلوے ہاسنگ سوسائٹی کو لوڈشیڈنگ فری قرار دیا گیا ہے۔ طلبہ نے بھی شکایت کی کہ امتحانات اور تعلیمی سرگرمیوں کے دوران بجلی کی بندش ان کی پڑھائی میں رکاوٹ بن رہی ہے

## کوئٹہ میں پینے کے صاف پانی خواب بن گیا

**کلی کوتوال کے مکین پریشان، دور دراز علاقوں سے پانی لانے پر مجبور**

**ٹینکر مافیا کی چاندی، کوئی پرسان حال نہیں، عوام حالات کے رحم و کرم پر**

کوئٹہ (ایریا رپورٹر) کوئٹہ میں پینے کے صاف پانی خواب بن گیا، کلی کوتوال کے مکین پریشان، دور دراز علاقوں سے پانی لانے پر مجبور، ٹینکر مافیا کی چاندی، کوئی پرسان حال نہیں، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، چیف سیکرٹری بلوچستان سنگین نوعیت کے اس اہم مسئلہ کا فوری نوٹس لیا جائے، مشرق سروے ٹیم سے بات چیت کرتے ہوئے ایڈووکیٹ عنایت اللہ اچکزئی، خانول احمد، نعمان خان و دیگر نے بتایا ہے کہ کوتوال میں پینے کے صاف پانی کی قلت کا سلسلہ گزشتہ 6 سالوں سے نہیں ہے، پہلے کلی خانان سے پانی مل رہی تھی لیکن عرصہ دراز سے وہ پانی کلی خانان کے مسجد تک ہی محدود کر دی گئی ہے، جس کی وجہ سے علاقہ مکین کو مشکلات کا سامنا ہے۔ انہوں نے بتایا اگر واسا حکام واسا کے پائپ لائن کی پانی ہمیں فراہم نہیں کرتی تو واسا ٹینکر کے ذریعے پانی فراہم کیا جائے اگر ایسا کچھ بھی نہیں تو علاقہ مکین سول سوسائٹی اور دیگر سیاسی تنظیموں کیساتھ ملکر احتجاج کرے گی۔

## خضدار: عوام گرانفروشوں کے رحم و کرم پر، انتظامیہ خاموش

**پولٹری سمیت تمام خوردنی اشیاء کی قیمتیں آسمان سے باتیں کرنے لگیں**

**پرائس کنٹرول کمیٹیاں مکمل غیر فعال، بیانات جاری کرنے تک محدود**

خضدار (بیورو رپورٹ) بلوچستان نیشنل پارٹی عوامی خضدار کے ضلعی ترجمان نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ خضدار میں مرغی مافیا اور دکاندار منافع خوروں کے ہاتھوں عوام خود ساختہ مہنگائی کی چکی میں بری طرح سے پس رہے ہیں پورے ملک میں جہاں مہنگائی کی شرح کم ہوتی جارہی ہے کافی عرصہ بعد اشیاء خوردونوش کی قیمتوں میں نمایاں کمی ہوئی ہے لیکن خضدار کے عوام کو کوئی ریلیف نہیں مل رہے ہیں مرغی کی روز بروز قیمتیں بڑھنے سے عوام رل گئی ہے باقی آس پاس کے اضلاع میں مرغی کی قیمت پانچ سو روپے ہے لیکن خضدار میں ایک کلو میں دوسو روپے اضافہ عوام مافیا کے ہاتھوں لٹنے پر مجبور ہے عوامی حلقوں کا کہنا ہے شہر کے مبینہ پرائس کمیٹی لسٹ جاری کرنے اور سوشل میڈیا پر احکامات جاری کرنے کے حد تک محدود ہو چکی ہے ترجمان نے مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ انتظامیہ جلد از جلد پرائس کنٹرول کمیٹی کو متحرک بنا کر عوام کو لوٹنے والوں کے خلاف کارروائی عمل میں لائے اور انہیں پابند کریں کہ وہ سرکاری نرخ نامہ پر عمل کرکے عوام سستی اشیاء فراہم کی جائے بصورت دیگر بی این پی عوامی شہر کے جملہ مسائل پر آواز بلند کرکے منافع خوروں کے خلاف احتجاج کریں گے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA.

Bullet No. 6

Dated: 13 MAY 2026 Page No. 23

## وزیراعظم کی جانب سے بلوچستان کی ترقی وخوشحالی کے عزم کا اعادہ

وزیراعظم شہباز شریف سے گزشتہ روز بلوچستان کے اراکین پارلیمان پر مشتمل وفد نے ملاقات کی ہے۔ سینیٹر میر دوستین خان ڈومکی، وصبائی وزیر سردار عبدالرحمان کھیتران، رکن بلوچستان اسمبلی سردار چنگیز مری ودیگر پر مشتمل وفد سے بات چیت کرتے ہوئے وزیراعظم شہباز نے بلوچستان کی تعمیر وترقی اور عوام کی خوشحالی کے لئے دوٹوک اقدامات کا عزم ظاہر کیا اور کہا کہ بلوچستان کی ترقی وخوشحالی اور صوبے کے عوام کی فلاح وبہبود ہماری اولین ترجیح ہے۔ ہم وزیراعظم کے عزم کو سراہتے ہوئے اس امید کا اظہار کرتے ہیں کہ ان کی قیادت میں موجودہ حکومت بلوچستان کے دیرینہ مسائل کے حل، پائیدار ترقیاتی اہداف کے حصول اور عوام کی ترقی وخوشحالی کے لئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لاتے ہوئے کوئی دقیقہ فروگزاشت نہیں کرے گی۔ بلوچستان کے سینئر سیاستدانوں سے ملاقات کے دوران وزیراعظم شہباز شریف کا کہنا تھا کہ بلوچستان قدرتی وسائل سے مالا مال ہے اور وفاقی حکومت صوبائی حکومت کے ساتھ مل کر ترقی کے لئے کام کر رہی ہے یہ ایسے وژن کی نمائندگی ہے جو اگر تسلسل اور جامع منصوبہ بندی کے ساتھ آگے بڑھایا جائے تو صوبے کے مستقبل کو روشن بنا سکتا ہے۔ بلوچستان رقبے کے لحاظ سے وطن عزیز پاکستان کا سب سے بڑا صوبہ ہے، مگر بدقسمتی سے ترقی کے اشاریوں کے اعتبار سے یہ طویل عرصے تک پسماندگی، غربت، بے روزگاری، بنیادی سہولیات کی کمی اور انفرااسٹرکچر کی کمزوری جیسے مسائل کا شکار رہا ہے۔ یہاں آبادی کم مگر مسائل بے شمار ہیں۔ وسیع رقبے پر پھیلی آبادی تک صحت، تعلیم، صاف پانی، سڑکوں، روزگار اور توانائی کی سہولیات پہنچانا ہمیشہ ایک بڑا چیلنج رہا ہے۔ ماضی میں اگرچہ بلوچستان کے لئے ترقیاتی منصوبوں کا اعلان تو ہوتا رہا، لیکن بروقت اور موثر عملدرآمد نہ ہونے کی وجہ سے مسائل حل ہونے کے بجائے مزید پیچیدہ ہوتے گئے۔ یہی وجہ ہے کہ صوبے میں مختلف النوع مسائل کا جنم ہوتا رہا تاہم یہ امر حوصلہ افزا ہے کہ گزشتہ کچھ عرصے سے وفاقی حکومتیں بلوچستان کے دیرینہ مسائل کے حل کے لئے نسبتاً سنجیدہ نظر آتی ہیں۔ بالخصوص موجودہ حکومت کے دور میں بلوچستان کی تعمیر وترقی پر زیادہ توجہ مرکوز کی گئی ہے وزیراعظم شہباز شریف نے متعدد مواقع پر بلوچستان کی ترقی کے حوالے سے دوٹوک عزم کا اظہار کیا ہے۔ ان کی انتظامی صلاحیت اور ترقیاتی منصوبوں میں تیزی سے عملدرآمد کی شہرت ماضی کے تجربات سے بھی ثابت ہے۔ یہی وجہ ہے کہ بلوچستان کے عوام اور قیادت کو اس بات کی توقع ہے کہ وزیراعظم کا حالیہ بیان محض رسمی اعلان نہیں بلکہ ایک عملی پروگرام کی بنیاد بنے گا۔ اس ضمن میں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی قیادت بھی خصوصی طور پر قابل ذکر ہے۔ صوبائی حکومت اور وفاق کے درمیان بہتر ہم آہنگی کسی بھی ترقیاتی ایجنڈے کی کامیابی کے لئے بنیادی شرط ہوتی ہے۔ خوش آئند امر یہ ہے کہ موجودہ وفاقی اور صوبائی حکومت کے درمیان ورکنگ ریلیشن شپ مثبت اور تعمیری دکھائی دیتی ہے۔ یہ ہم آہنگی بلوچستان جیسے حساس اور اہم صوبے کے لئے نہایت ضروری ہے، کیونکہ یہاں کے مسائل کا حل صرف وفاق یا صرف صوبہ تنہا نہیں کر سکتا بلکہ مشترکہ حکمت عملی ہی دیرپا نتائج دے سکتی ہے۔ بلوچستان کے مسائل کی نوعیت کثیرالجہتی ہے۔ ایک طرف انفرااسٹرکچر کی شدید کمی ہے دہشت گردی اور لاء اینڈ آرڈر کے مسائل ہیں تو دوسری طرف تعلیم اور صحت کے شعبے میں بنیادی سہولیات کا فقدان ہے۔ پانی کی قلت، توانائی بحران، دوردراز علاقوں تک رسائی نہ ہونا، صنعتی ترقی کی کمی اور روزگار کے محدود مواقع جیسے مسائل صوبے کی ترقی کی راہ میں بڑی رکاوٹ ہیں۔ ایسے میں وزیراعظم کا یہ کہنا کہ بلوچستان کے قدرتی وسائل سے صوبے کے عوام کو بھرپور استفادہ دلایا جائے گا، نہایت اہمیت رکھتا ہے۔ بلوچستان معدنی وسائل، ساحلی پٹی، توانائی کے ذخائر اور جغرافیائی اہمیت کے لحاظ سے بے پناہ صلاحیت رکھتا ہے۔ اگر ان وسائل کو درست منصوبہ بندی کے ساتھ بروئے کار لایا جائے تو بلوچستان نہ صرف خودکفیل ہو سکتا ہے بلکہ پورے ملک کی معیشت میں کلیدی کردار ادا کر سکتا ہے۔ لہٰذا ہم پرامید ہیں کہ وزیراعظم نے جن خیالات کا اظہار کیا ہے اسے عملی طور پر منتقل کرنے میں کوئی دقیقہ فروگزاشت نہیں کیا جائے گا علاوہ ازیں بلوچستان کے سینئر سیاستدانوں کی وزیراعظم سے ہونے والی اس ملاقات کا ایک ناقدانہ پہلو بھی بنتا ہے یہ ملاقات ایسے وقت میں ہوئی جب ملک میں نئے مالی سال کے بجٹ کی تیاری کا عمل جاری ہے۔ یہ وہ مرحلہ ہوتا ہے جب آئندہ سال کی ترقیاتی ترجیحات طے کی جاتی ہیں اور وسائل کی تقسیم کا فیصلہ ہوتا ہے۔ ایسے میں وزیراعظم کو چاہئے کہ وہ انفرادی سیاسی شخصیات کی تجاویز سننے کے ساتھ ساتھ بلوچستان کی صوبائی حکومت سے جامع اور مربوط ترقیاتی پلان طلب کریں۔ صوبے کی ترقی کا معاملہ کسی ایک فرد یا چند سیاستدانوں کی تجاویز تک محدود نہیں رہنا چاہئے بلکہ اسے ادارہ جاتی سطح پر طے ہونا چاہئے۔ بلوچستان جیسے بڑے اور پسماندہ صوبے کی ترقی کے لئے جزوی یا چھوٹے پیمانے کے منصوبے کافی نہیں ہوں گے۔ اس سلسلے میں ماضی کی ایک اہم مثال یاد رکھنا ضروری ہے جب جام کمال خان بلوچستان کے وزیراعلیٰ تھے تو انہوں نے وفاقی حکومت کو واضح پیغام دیا تھا کہ بلوچستان کو چھوٹی چھوٹی سکیمات نہیں بلکہ بڑے اور میگا پراجیکٹس درکار ہیں۔ یہ بات آج بھی اتنی ہی اہم اور متعلقہ ہے۔ بلوچستان کی ترقی کے لئے ایسے منصوبے ضروری ہیں جو صوبے کے معاشی ڈھانچے کو تبدیل کر سکیں، بڑے پیمانے پر روزگار پیدا کریں اور انفرااسٹرکچر کو جدید خطوط پر استوار کریں۔ آنے والے بجٹ میں بلوچستان کے لئے میگا پراجیکٹس کی شمولیت وقت کی اہم ترین ضرورت ہے۔ بڑے ڈیم، موٹرویز، ریل نیٹ ورک، صنعتی زونز، جدید ہسپتال، یونیورسٹیاں، اور ساحلی ترقیاتی منصوبے وہ اقدامات ہیں جو صوبے کی تقدیر بدل سکتے ہیں۔ وزیراعظم شہباز شریف اور وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں وفاق اور صوبے کے درمیان موجود ہم آہنگی بلوچستان کے لئے امید کی کرن ہے۔ اگر اس ہم آہنگی کو عملی منصوبوں، شفافیت اور تسلسل کے ساتھ آگے بڑھایا جائے تو بلوچستان کی محرومیوں کا خاتمہ ممکن ہے۔ بلوچستان کے عوام محض وعدے نہیں بلکہ عملی اقدامات کے منتظر ہیں۔ انہیں سڑکیں، ہسپتال، سکول، روزگار اور بہتر زندگی چاہئے۔ یہ وقت ہے کہ بلوچستان کے لئے ترقی کا ایک جامع، طویل المدتی اور میگا وژن ترتیب دیا جائے۔ وفاقی حکومت کو چاہئے کہ وہ آنے والے بجٹ میں بلوچستان کو خصوصی ترجیح دے اور ایسے منصوبے شروع کرے جو صوبے کی تقدیر بدل سکیں۔ یہی قومی یکجہتی، معاشی استحکام اور روشن مستقبل کی ضمانت ہے۔ بلوچستان کی خوشحالی سے پورے ملک کی ترقی وخوشحالی جڑی ہے اور وزیراعظم کا عزم اسی سمت ایک مثبت قدم ہے جس کی بھرپور حمایت اور کامیابی کے لئے دعا کی جانی چاہئے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily Zamana Quetta

Brief No 6 Dated 13 MAY 2026 Page No 24


## بلوچ خواتین کا دہشت گردی کے لئے استعمال

سیکیورٹی اداروں کی کارروائی کے دوران دہشت گرد تنظیم بی ایل اے کے چنگل سے بازیاب ہونے والی کم عمر لڑکی کے انکشافات نے ایک تشویشناک حقیقت کو بے نقاب کیا ہے۔ کم عمر لڑکی نے وزیر اعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی کے ہمراہ پریس کانفرنس میں بتایا کہ بی ایل اے کیلئے کام نہ کرنے کی صورت میں اس کے والد کو قتل کرنے کی دھمکی دی گئی۔ یہ انکشاف ظاہر کرتا ہے کہ دہشت گرد عناصر اب خواتین اور بچوں کو خوف، دباؤ اور ایک بلیک میلنگ کے ذریعے اپنے مذموم مقاصد کیلئے استعمال کر رہے ہیں۔ بلوچ معاشرہ اپنی روایات، غیرت اور خواتین کے احترام کے حوالے سے ایک منفرد شناخت رکھتا ہے۔ بلوچ قبائلی اقدار میں خواتین کو عزت و وقار کی علامت سمجھا جاتا ہے۔ اسی طرح اسلامی تعلیمات بھی خواتین کے احترام، تحفظ اور عزت پر زور دیتی ہیں۔ ایسے میں کم عمر لڑکیوں کو دہشت گردی کی سرگرمیوں کیلئے استعمال کرنا نہ صرف بلوچ روایات بلکہ اسلامی اقدار کی بھی کھلی خلاف ورزی ہے۔ یہ حقیقت بھی قابل غور ہے کہ دہشت گرد تنظیمیں نوجوان ذہنوں کو متاثر کرنے کیلئے انتہائی دباؤ، خوف اور جذباتی استحصال کا سہارا لے رہی ہیں۔ اس صورتحال کا مقابلہ صرف سیکیورٹی کارروائیوں سے ممکن نہیں بلکہ سماجی اور فکری سطح پر بھی بھرپور اقدامات ضروری ہیں۔ والدین، اساتذہ، قبائلی عمائدین اور مذہبی رہنماؤں کو نوجوان نسل کو شدت پسندی کے خطرات سے آگاہ کرنا ہوگا۔ بلوچستان کے عوام نے ہمیشہ امن، عزت اور روایات کو اہمیت دی ہے۔ دہشت گرد عناصر بلوچ شناخت کو بدنام کرنے کی کوشش کر رہے ہیں، مگر ریاست اور معاشرے کو مل کر اس سوچ کا مقابلہ کرنا ہوگا تاکہ خواتین اور بچوں کو خوف اور استحصال سے محفوظ رکھا جا سکے۔

CLIPPING SERVICE
DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN
نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
Daily: AZADI QUETTA
Bullet No. 8
Dated: 13 MAY 2026 Page No. 25

# گوادر پورٹ پر معاشی سرگرمیوں میں اضافہ، بلوچستان کی ترقی وخوشحالی کیلئے موثر اقدامات کی ضرورت

مشرق وسطیٰ میں کشیدگی کے باعث گوادر پورٹ پر بحری سرگرمیوں میں اضافہ ہوا ہے، ایک اور ٹرانس شپمنٹ جہاز لنگر انداز ہوگیا جس میں ابوظہبی اور کویت کا مال موجود ہے۔ وفاقی وزیر بحری امور جنید انوار چوہدری نے پیر کے روز گوادر میں ایک اور کارگو جہاز کی کامیاب برتھنگ کا اعلان کرتے ہوئے بتایا کہ ایم وی یوان ہانگ وےئے گوادر پورٹ پر لنگر انداز ہوگیا ہے۔ وفاقی وزیر بحری امور کے مطابق جہاز پر 34 ہزار ٹن بلک کارگو اور 20 ہزار ٹن دیگر سامان موجود ہے، ابوظہبی اور کویت کے لیے کارگو گوادر میں اتارا جائے گا۔ عالمی شپنگ کمپنیوں کا گوادر پر اعتماد بڑھنے لگا ہے، گوادر پورٹ علاقائی تجارت کا اہم مرکز بنتا جارہا ہے۔ دوسری جانب وفاقی حکومت نے عالمی ٹرانزٹ ٹریفک بڑھانے کیلئے گوادر پورٹ پر ٹیرف میں نمایاں کمی کا بھی اعلان کیا ہے جبکہ برتھنگ فیس میں 25 فیصد کمی کی گئی ہے۔ ٹرانس شپمنٹ کنٹینرز پر چارجز 40 فیصد، کنٹینر کارگو پر پورٹ چارجز 31 فیصد تک کم کردیے گئے، گوادر پورٹ پر جنرل کارگو بھی ایک ماہ مفت رکھا جاسکے گا۔ گوادر کو علاقائی لاجسٹکس حب بنانے کی پالیسی پر عملدرآمد شروع ہو چکا ہے۔ حالیہ عرصے میں پاکستان میں خاص طور پر کراچی پورٹ، پورٹ قاسم اور کسی حد تک گوادر پورٹ پر مشرق وسطیٰ میں بڑھتی ہوئی کشیدگی کے باعث ٹرانس شپمنٹ سرگرمیوں میں اضافہ دیکھا گیا ہے جس کے نتیجے میں کچھ شپنگ لائنز نے کارگو کو متبادل راستوں بشمول پاکستان کی طرف موڑ دیا ہے۔ نئے ٹیرف سے شپنگ لائنز کے آپریشنل اخراجات میں نمایاں کمی آئے گی جبکہ گوادر پورٹ پر کارگو ہینڈلنگ میں اضافے سے خطے میں معاشی سرگرمیوں کو فروغ ملے گا۔ بہرحال گوادر خطے میں اپنے محل وقوع کے لحاظ سے تجارت کا اہم ذریعہ ہے، گوادر میں چین سمیت دنیا کے دیگر ممالک کی جانب سے بڑے پیمانے پر سرمایہ کاری کی جارہی ہے۔ گوادر پورٹ پاکستان کے معاشی اور تجارتی مستقبل کے لیے ایک کلیدی کردار ادا کررہی ہے اور 2026ء میں یہ خطے کے سب سے اہم معاشی حب کے طور پر ابھر کر سامنے آرہی ہے۔ سی پیک کے تحت ترقی پانے والی یہ گہرے سمندر کی بندرگاہ (Deep Sea Port) نہ صرف پاکستان بلکہ وسطی ایشیاء، افغانستان اور چین کے لیے تجارت کا مختصر ترین راستہ بن رہی ہے۔ 2026ء میں گوادر پورٹ پر 11,000 سے زائد کنٹینرز ہینڈل کیے گئے، جو 2025ء کے مقابلے میں ایک بڑی ترقی ہے جس سے پورٹ پر تجارتی رونقیں بحال ہورہی ہیں۔ گوادر بندرگاہ اب ایک اہم ٹرانزٹ اور ٹرانس شپمنٹ سینٹر بن رہی ہے، جہاں ایران اور خلیجی ممالک (جیسے ابوظہبی اور کویت) کا سامان بھی کارگو کے ذریعے لایا جارہا ہے۔ حکومت نے گوادر پورٹ پر کارگو ہینڈلنگ بڑھانے کے لیے شپنگ لائنز کے آپریشنل اخراجات میں 40 فیصد تک کمی اور ایک ماہ تک فری اسٹوریج کی سہولت دی ہے۔ ایک اندازے کے مطابق گوادر پورٹ مکمل فعال ہونے پر ملکی معیشت میں سالانہ 25 ارب ڈالر تک کا اضافہ کرسکتی ہے۔ پاک ایران سرحد کے قریب گبد-ردان کے راستے تجارتی سرگرمیوں میں اضافہ گوادر کو ایک اہم کثیر جہتی کوریڈور بنا رہا ہے۔ خلیج فارس کے قریب ہونے کی وجہ سے گوادر پورٹ خطے میں جاری کشیدگی کے دوران ایک محفوظ اور مختصر متبادل تجارتی راستے کے طور پر ابھری ہے۔

گوادر فری زون میں صنعتی سرگرمیاں شروع ہو چکی ہیں جہاں 2,800 ایکڑ سے زائد اراضی پر مینوفیکچرنگ، لاجسٹکس، اور ایکسپورٹ پر مبنی صنعتیں قائم کی جارہی ہیں۔ 2026-27ء میں گوادر ماسٹر پلان کے دوسرے مرحلے کے تحت تقریباً 280 ارب روپے کے منصوبے شروع کیے جارہے ہیں جن میں جدید انفراسٹرکچر، فریش واٹر ٹریٹمنٹ اور دیگر سہولیات شامل ہیں۔ نئی گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ دنیا بھر کے سرمایہ کاروں تک براہ راست رسائی فراہم کرے گی۔ گوادر پورٹ محض ایک بندرگاہ نہیں بلکہ پاکستان کو خطے کا تجارتی مرکز بنانے کے لیے ایک "گیم چینجر" ہے جو نہ صرف بلوچستان بلکہ پورے پاکستان کی معیشت میں انقلابی تبدیلی لاسکتی ہے۔ گوادر میں معاشی سرگرمیوں میں اضافے کے ثمرات کو اب بلوچستان کے عوام تک پہنچانا ضروری ہے تاکہ صوبے کی پسماندگی ومحرومیوں کا خاتمہ ہو۔ عوام کو بہتر سہولیات اور روزگار کی فراہمی کیلئے اقدامات اٹھائے جائیں تاکہ عوام میں موجود بے چینی بھی ختم ہو۔ امید ہے کہ وفاقی اور صوبائی حکومت بلوچستان کو ترجیح دینگے تاکہ صوبے میں ترقی وخوشحالی کے نئے باب کا آغاز ہوسکے جو بلوچستان کے عوام کا دیرینہ مطالبہ ہے۔

CLIPPING SERVICE
DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN
13 MAY 2026 Balochistan News Quetta
نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

# وزیراعظم کا دوٹوک عزم اور بلوچستان کی ترقی وخوشحالی کے اہداف

وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ بلوچستان کی ترقی وخوشحالی اور صوبے کے عوام کی فلاح و بہبود ہماری اولین ترجیح ہے اور اس حوالے سے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں گے اس عزم کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز بلوچستان کے سینئر سیاستدانوں پر مشتمل ایک وفد سے بات چیت کرتے ہوئے کیا ہے۔ سب سے پہلے تو ہم وزیراعظم کے عزم کو سراہتے ہیں اور اس امید کا اظہار کرتے ہیں کہ انہوں نے جس عزم کا اظہار کیا ہے اگلے مالی سال کے بجٹ میں اسے عملی طور پر متشکل کیا جائے گا۔ بلوچستان کی ترقی اور عوام کی خوشحالی کے اہداف کے لئے کوئی شک نہیں کہ موجودہ حکومت نمایاں کام کر رہی ہے تاہم وقت کی ضرورت اور حالات کا تقاضا یہ ہے کہ اس عمل میں مزید تیزی لائی جائے بلوچستان کی ترقی ہمیشہ قومی مباحث کا حصہ تو رہی مگر عملی نتائج اکثر توقعات کے مطابق سامنے نہ آسکے۔ تاہم حالیہ برسوں میں ایک مثبت تبدیلی واضح طور پر محسوس کی جاسکتی ہے۔ وفاقی حکومت کی جانب سے بلوچستان کے مسائل کو سنجیدگی سے لینے کا رجحان بڑھا ہے اور سب سے بڑھ کر صوبائی سطح پر ایسی قیادت سامنے آئی ہے جو عملی اقدامات اور واضح وژن کے ساتھ آگے بڑھ رہی ہے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں صوبائی حکومت نے ترقی کے ایک ایسے سفر کا آغاز کیا ہے جس نے امید کی نئی کرن روشن کی ہے۔ میر سرفراز بگٹی کا اندازِ حکمرانی توانائی، عزم اور عملی اقدامات سے عبارت ہے۔ انہوں نے صوبے کے مسائل کو محض بیانات تک محدود رکھنے کے بجائے عملی حکمت عملی کے ذریعے حل کرنے کی کوشش کی ہے۔ عوامی مسائل کو براہِ راست سننا، اداروں کو متحرک کرنا اور وفاق کے ساتھ مضبوط رابطہ رکھنا ان کی قیادت کی نمایاں خصوصیات ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ وفاق اور صوبے کے درمیان ایک مثبت ہم آہنگی پیدا ہوئی ہے جو بلوچستان کی ترقی کے لئے نہایت ضروری ہے۔ بلوچستان کے عوام کی سب سے بڑی ضرورت بنیادی سہولیات کی فراہمی ہے۔ صحت، تعلیم، پانی، سڑکیں، توانائی اور روزگار ایسے شعبے ہیں جن میں تیزی سے کام کرنے کی ضرورت ہے۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی حکومت نے ان شعبوں کو اپنی ترجیحات میں شامل کیا ہے اور یہی وجہ ہے کہ ترقیاتی منصوبوں میں تیزی نظر آرہی ہے۔ صوبے کے دور دراز علاقوں تک سہولیات پہنچانے کے لئے جس عزم کے ساتھ اقدامات کئے جا رہے ہیں، وہ ایک خوش آئند پیش رفت ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف کا عزم اس اعتماد کا اظہار ہے جو صوبائی حکومت کی کارکردگی پر کیا جا رہا ہے۔ وفاق اور صوبے کے درمیان موجود یہ ہم آہنگی بلوچستان کی ترقی کی بنیاد بن سکتی ہے۔ ماضی میں کئی مواقع ایسے آئے جب وفاق اور صوبے کے درمیان رابطے کی کمی نے ترقیاتی منصوبوں کو متاثر کیا، مگر موجودہ صورتحال اس کے برعکس ہے۔

آج وفاق اور صوبہ ایک ہی صفحے پر نظر آتے ہیں اور یہی کسی بھی بڑے ترقیاتی ایجنڈے کی کامیابی کی بنیادی شرط ہے۔ بلوچستان کی ترقی کے حوالے سے آنے والا بجٹ صوبے کے لئے فیصلہ کن ثابت ہوسکتا ہے۔ یہ وہ وقت ہے جب مستقبل کی سمت متعین کی جاتی ہے اور ترقیاتی منصوبوں کے لئے وسائل مختص کئے جاتے ہیں۔ ایسے میں یہ امید بجا ہے کہ وزیراعظم شہباز شریف صوبائی حکومت سے جامع تجاویز طلب کریں گے تاکہ بلوچستان کے لئے ایک مربوط اور طویل المدتی ترقیاتی پیکیج ترتیب دیا جاسکے۔ بلوچستان کی ترقی کا تعلق صرف صوبے تک محدود نہیں بلکہ یہ پورے پاکستان کی ترقی سے جڑا ہوا ہے۔ یہ حقیقت بھی اہم ہے کہ ترقی کا سفر تسلسل کا تقاضا کرتا ہے۔ ترقیاتی منصوبے ایک دن یا ایک سال میں مکمل نہیں ہوتے بلکہ انہیں مستقل مزاجی، منصوبہ بندی اور سیاسی استحکام کی ضرورت ہوتی ہے۔ خوش آئند بات یہ ہے کہ موجودہ قیادت میں یہ تسلسل دکھائی دیتا ہے۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کا وژن اور وزیراعظم شہباز شریف کا عزم مل کر بلوچستان کو ایک نئے دور میں داخل کر سکتے ہیں۔ بلوچستان کے عوام نے ہمیشہ ترقی اور خوشحالی کے خواب دیکھے ہیں۔ وہ چاہتے ہیں کہ ان کے بچوں کو معیاری تعلیم ملے، انہیں علاج کے لئے دور دراز شہروں کا رخ نہ کرنا پڑے، روزگار کے مواقع ان کے اپنے علاقوں میں میسر ہوں اور زندگی کی بنیادی سہولیات ان کے دروازے تک پہنچیں۔ موجودہ حکومت کی پالیسیوں اور اقدامات سے یہ امید پیدا ہوئی ہے کہ یہ خواب اب حقیقت بن سکتے ہیں۔ یہ وقت امید کا ہے، اعتماد کا ہے اور عملی اقدامات کا ہے۔ وفاقی حکومت کا عزم اور صوبائی قیادت کی محنت مل کر بلوچستان کی تقدیر بدل سکتے ہیں۔ وزیراعظم شہباز شریف نے بلوچستان کے دوروں کے موقع پر اور مختلف فورمز پر اظہار خیال کرتے ہوئے بلوچستان کی تعمیر وترقی کے لئے پہلے بھی دوٹوک اقدامات کا عزم ظاہر کیا ہے اور کوئی شک نہیں کہ ان کی قیادت میں موجودہ اتحادی حکومت بلوچستان کی تعمیر وترقی اور عوام کی خوشحالی کے لئے عملی طور پر کوشاں بھی ہے اگر یہی رفتار اور یہی ہم آہنگی برقرار رہی تو وہ دن دور نہیں جب بلوچستان پاکستان کا سب سے خوشحال، ترقی یافتہ اور مستحکم صوبہ بن کر ابھرے گا تاہم ضروری ہے کہ اس عمل میں مزید تیزی لائی جائے ہماری تجویز یہ ہے کہ اگلے مالی سال کے بجٹ میں بلوچستان کے لئے زیادہ سے زیادہ منصوبے رکھے جائے اور جن منصوبوں پر وفاقی پی ایس ڈی پی کے تحت کام جاری ہے ان کے لئے اگلے مالی سال کے بجٹ میں زیادہ سے زیادہ فنڈز رکھے جائیں اور فنڈز کے بروقت اجراء کو یقینی بنایا جائے تاکہ بلوچستان تعمیر و ترقی کے مدارج طے کر کے باقی صوبوں کے برابر آسکے

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلی تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

6

Daily: MEEZAN QUETTA 13 MAY 2026

Page No. 27

# بلوچستان سرمایہ کاری کیلئے محفوظ اور پرکشش خطہ!

گذشتہ روز وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے ایشیائی ترقیاتی بینک کی پاکستان میں کنٹری ڈائریکٹر ژیاؤ چن کی قیادت میں ایک وفد نے ملاقات کی جس میں بلوچستان میں ترقیاتی منصوبوں، سرمایہ کاری کے مواقع اور مختلف شعبوں میں باہمی تعاون کے فروغ پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں آبی وسائل، زراعت، منرلز اینڈ مائنز، تعلیم، صحت، انفارمیشن ٹیکنالوجی، اسکلز ڈویلپمنٹ اور روزگار کے مواقع پیدا کرنے سے متعلق امور خصوصی طور پر زیر بحث آئے۔ اس دوران ایشیائی ترقیاتی بینک کی جانب سے کچھی کینال سمیت بلوچستان کے آبی وزرعی ترقیاتی منصوبوں کو وسیع المدتی سرمایہ کاری اور مالی معاونت میں گہری دلچسپی کا اظہار کیا گیا۔ فریقین نے تعلیم، صحت، انفارمیشن ٹیکنالوجی، فنی تربیت اور نوجوانوں کو روزگار کی فراہمی کے قابل عمل منصوبوں پر مشترکہ حکمت عملی اختیار کرنے پر اتفاق کیا۔

اس موقع پر تبادلہ خیال کرتے ہوئے وزیراعلیٰ بلوچستان نے اس عزم کا اظہار کیا کہ بلوچستان کو سرمایہ کاری کے لیے محفوظ اور پرکشش خطہ بنایا جارہا ہے۔ حکومت سرمایہ کاروں کو ہر ممکن سہولیات اور موثر سیکیورٹی فراہم کرے گی۔ صوبائی حکومت میگا منصوبوں کے تحفظ، تکمیل اور موثر عمل درآمد کی مکمل استعداد اور صلاحیت رکھتی ہے جبکہ ترقیاتی منصوبوں اور نئے معاشی مواقعوں کو عملی جامہ پہنانے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جارہے ہیں۔ صوبے میں تعلیم کے شعبے میں اصلاحات کرتے ہوئے 3200 بند سکولوں کو دوبارہ فعال کیا گیا جبکہ 2100 کمیونٹی بیڈ نئے سکول بھی قائم کئے گئے ہیں۔ حکومت کی توجہ معیاری تعلیم، جدید تعلیمی سہولیات اور انسانی وسائل کی ترقی پر مرکوز ہے تاکہ نوجوانوں کو عصر حاضر کے تقاضوں سے ہم آہنگ کیا جاسکے۔

ہم سمجھتے ہیں کہ بلوچستان کو سرمایہ کاری کے لیے محفوظ اور پرکشش خطہ بنانے کے حوالے سے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا مذکورہ بیان قابل تعریف اور صوبے اور اس کی عوام کی ترقی کا ثبوت ہے انہوں نے ایشیائی ترقیاتی بینک کے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے بلوچستان میں ترقیاتی منصوبوں، سرمایہ کاری کے مواقع اور مختلف شعبوں میں باہمی تعاون کے فروغ پر تفصیلی تبادلہ خیال کے دوران واضح کیا ہے کہ صوبے کے مختلف شعبوں میں روزگار کے مواقع پیدا کرنے کے حوالے سے مختلف امور پر جو بات کی ہے وہ صوبے میں بیروزگاری کے خاتمے میں مددگار ثابت ہوگی۔

یہاں ضرورت اس امر کی ہے کہ ایشیائی ترقیاتی بینک کو بلوچستان میں سرمایہ کاری کے مواقع سے بھرپور فائدہ اٹھاتے ہوئے اقدامات کرنے چاہئیں کیونکہ اس سلسلے میں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اس سے قبل بھی بیانات دے چکے ہیں۔ جن میں سرمایہ کاروں کو صوبے کے مختلف شعبوں میں سرمایہ کاری کی دعوت دیتے ہوئے ان کو ہر طرح کے تعاون کی یقین دہانی کرائی ہے۔ اس لیے سرمایہ کاروں کو صوبے میں سرمایہ کاری کرنی چاہیئے جو کہ ان کے مفاد میں ہونے کے ساتھ صوبے کے بے روزگار نوجوانوں کو روزگار ملنے کا سبب بنے گی۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE
DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN
نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان
Daily: Balochistan Time Quetta
Bullet No 6
Dated: 13 MAY 2026
Page No. 28

# Heatwave challenge

With the mercury rising in various parts of Balochistan, it is time for the people and the authorities to prepare for possible heat waves that may hit in Naseerabad, Makran and Rakshan divisions. The elderly, the young, and those with pre-existing health conditions are particularly at risk of heatstroke and dehydration. Hot weather, combined with dry and dusty winds, can increase air pollution, and worsen the effects of climate change. Global bodies had warned of a long and harsh heatwave in the subcontinent, with average temperatures registering an increase of 6°C to 8°C. Burning fossil fuels and destroying forests have released enough greenhouse gases into the atmosphere to also boost the frequency and intensity of many floods, droughts, wildfires and tropical storms, they detailed in a state-of-science report.

The problem for Pakistanis in general and for the people of Balochistan province in particular has been aggravated by prolonged power outages, especially in large parts of Rakshan and Naseerabad divisions. The climate change ministry and provincial concerned department must coordinate with the provincial authorities and people on measures to cope with the hellish heatwave that is bound to become a recurrent feature in the years ahead. There is a need that the ministry should do more to provide technical assistance to provincial and local governments to enable them to adapt to new climate realities by taking measures such as creating more green spaces in cities and towns to provide shade and breathing room to citizens. The authorities should find creative ways to keep the citizens informed about the steps they can take to protect themselves and their homes from the effects of the heat.

It is imperative that the government ought to take timely action to mitigate the effects of any possible heat-waves. The city administration should make due arrangements and launch awareness campaigns about the dangers of exposure to extreme heat. In addition, we need to focus on implementing long-term solutions, such as increasing green spaces and planting more trees, which can help reduce the impact.

As a community, we must work together to address the challenges of climate change and protect our most vulnerable members. The city officials and leaders should take necessary action to protect the people and prioritise their health and wellbeing. The government and authorities concerned must also ensure provision of uninterrupted electricity to the masses in cities and remote areas where people can easily have access to drinking water and compete with simmering heat.

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 6 Dated: 13 MAY 2026 Page No 29

# تربت شہر میں چار روزہ جشن بہاراں فیسٹیول کا شاندار انعقاد

وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن کے تحت تربت شہر میں ضلعی انتظامیہ کے زیر اہتمام 28 اپریل سے یکم مئی تک منعقد ہونے والا چار روزہ "جشن بہاراں فیسٹیول" ایک کامیاب، رنگارنگ اور یادگار ایونٹ ثابت ہوا، جس نے نہ صرف شہریوں کو تفریح کے بہترین مواقع فراہم کیے بلکہ نوجوانوں میں مثبت سرگرمیوں کے فروغ، ثقافتی اقدار کے تحفظ اور

**تحریر: چاکر بلوچ**

کھیلوں کے میدان میں صحت مند مقابلے کے رجحان کو بھی تقویت بخشی۔ فیسٹیول کے دوران شہر میں خوشی، جوش و خروش اور سماجی ہم آہنگی کا ایک خوبصورت ماحول دیکھنے میں آیا۔ مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد، نوجوانوں، بچوں اور خاندانوں نے بڑی تعداد میں شرکت کر کے اس فیسٹیول کو بھرپور کامیابی سے ہمکنار کیا۔ عوامی دلچسپی اور پرجوش شرکت اس بات کا ثبوت تھی کہ لوگ ایسے مثبت، صحت مند اور تفریحی پروگراموں کو بے حد پسند کرتے ہیں۔ فیسٹیول میں مختلف کھیلوں کے مقابلوں کا انعقاد کیا گیا جن میں فٹبال، والی بال، کرکٹ اور دیگر کھیل شامل تھے۔ ان مقابلوں میں مقامی کھلاڑیوں اور ٹیموں نے غیر معمولی جوش اور مہارت کا مظاہرہ کیا۔ کھیلوں کے میدانوں میں مقابلے کی فضا، کھلاڑیوں کا جذبہ اور شائقین کا ولولہ قابل دید رہا۔ خصوصاً فٹبال کے مقابلوں نے شائقین کی بھرپور توجہ حاصل کی جبکہ والی بال اور کرکٹ کے میچز میں بھی نوجوان کھلاڑیوں نے اپنی بہترین صلاحیتوں کا مظاہرہ کرتے ہوئے حاضرین سے خوب داد وصول کی۔ فیسٹیول کی نمایاں خصوصیت یہ تھی کہ اس میں کھیلوں کے ساتھ ساتھ ثقافتی سرگرمیوں کو بھی اہمیت دی گئی۔ مقامی ثقافت، روایات اور علاقائی شناخت کو اجاگر کرنے کے لیے مختلف پروگرامز منعقد کیے گئے، جنہوں نے نوجوان نسل کو اپنی تہذیب اور ثقافتی ورثے سے جوڑنے میں اہم کردار ادا کیا۔ ایسے ثقافتی اور تفریحی ایونٹس نہ صرف معاشرتی ہم آہنگی کو فروغ دیتے ہیں بلکہ علاقے کی مثبت شناخت کو بھی نمایاں کرتے ہیں۔ فیسٹیول کے دوران شہریوں کے لیے ایک پرامن، خوشگوار اور دوستانہ ماحول دیکھنے میں آیا۔ خاندانوں اور بچوں کی بڑی تعداد نے مختلف سرگرمیوں سے لطف اندوز ہو کر خوشی کا اظہار کیا۔ یہ منظر اس حقیقت کی عکاسی کرتا ہے کہ مثبت اور تعمیری سرگرمیاں معاشرے میں بھائی چارے، یکجہتی اور امن و آشتی کے فروغ میں اہم کردار ادا کرتی ہیں۔ ضلعی انتظامیہ کی جانب سے اس نوعیت کے عوامی اور تفریحی پروگراموں کا انعقاد ایک خوش آئند اقدام ہے، جو اس بات کی نشاندہی کرتا ہے کہ نوجوانوں کو صحت مند سرگرمیوں کی جانب راغب کرنے اور عوام کو معیاری تفریح فراہم کرنے کے لیے سنجیدہ کوششیں کی جا رہی ہیں۔ ایسے اقدامات عوام اور انتظامیہ کے درمیان اعتماد کو مضبوط بنانے کے ساتھ ساتھ معاشرتی ترقی کے لیے بھی سودمند ثابت ہوتے ہیں۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ مستقبل میں بھی اس طرح کے فیسٹیولز اور مثبت سرگرمیوں کا تسلسل برقرار رکھا جائے تاکہ نوجوان نسل کو اپنی صلاحیتوں کے اظہار، صحت مند تفریح اور سماجی روابط کے مزید مواقع میسر آ سکیں۔ مزید کھیلوں، ادبی و ثقافتی پروگراموں اور خاندانی تفریحی سرگرمیوں کو شامل کر کے ایسے ایونٹس کو مزید مؤثر اور جامع بنایا جا سکتا ہے۔ مجموعی طور پر "جشن بہاراں فیسٹیول" تربت شہر کے لیے ایک کامیاب اور یادگار تقریب ثابت ہوا، جس نے عوام کو تفریح فراہم کرتے کے ساتھ ساتھ کھیلوں، ثقافت، سماجی ہم آہنگی اور مثبت طرز زندگی کے فروغ میں بھی اہم کردار ادا کیا۔ ایسے تعمیری اقدامات کسی بھی معاشرے کی ترقی، خوشحالی اور مثبت شناخت کے لیے نہایت ضروری سمجھے جاتے ہیں۔

CS CamScanner